بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰـــنِ الرَّحِيمِ

Come To Me All Who Labor And Are Heavy Laden. And I Will Give You the Rest

اے محنت اٹھانے والو

اور بوجھ سے دبے ہوئے لوگو میرے پاس آؤ

میں تم کو آرام دونگا

میرا جوا اپنے اوپر اٹھالو اور مجھ سے سیکھو، کیونکہ میں حلیم ہوں اور دل کا فروتن تو تمہاری جانیں آرام پائیں گی، کیونکہ میرا جو ملائم ہے اور میرا بوجھ ہلکا

(انجیل شریف بہ مطابق حضرت متی رکوع ۱۱ آیت ۲۸تا ۳۰)

اگر ہماری سمجھ اور بصیرت تیز اور طاقتور ہوتی تو ہم پر ان لوگوں کے مصائب ودکھ جوہمارے گردرہتے ہیں اور وہ ساری برائیاں جوان کی زندگیوں میں پائی جاتی ہیں، ہم پر بخوبی ظاہر ہوجاتیں اور ہمیں خبردار کرتیں اور ہمارے اند لرزہ پیدا کردیتیں ۔ بہت بڑی تعداد ہے ایسے لوگوں کی جوحمال کی طرح اپنے اپنے پوشیدہ بوجھ سے دبے ہوئے ہیں اور خمیدہ کمرا نہیں لیے چل رہے ہیں۔لیکن نہ توہمارے حواس اور بینائی اتنی تیز ہے اور نہ ہم محبت سے اتنے بھرپور ہیں کہ لوگوں کے چہروں کو پڑھ سکیں، دیکھ سکیں کہ ان پر یہ جھریاں کیوں ہیں اور یہ اداسی اورپیلاپن کیا مطلب رکھتا ہے؟

خدا کی حمد ہو کہ ایک ایسا شخص ہے جودلوں کو پڑھ سکتا ہے اوران کے گراں اور کمر توڑ بوجھ کو بھی ۔ وہ خدا کی مجسم محبت کا پیکر عیسیٰ مسیح ہے۔ وہ ہمارے گناہوں کی ہمیں سزا نہیں دیتا نہ ہماری شرارتوں کی وجہ سے ہمیں دھتکارتا ہے ۔ پرہیزگار اور متقیوں کی زندگی گزارنے کی جو تمنا تمہارے دلوں میں ہے اسے بھی وہ جانتا ہے اور اسے وہ ساری وجوہ بھی معلوم ہیں جو ان ناکامیوں کا جڑ ہیں۔ وہ ان زخموں کو بھی اچھا کردیتا ہے جو کہ ہر تھکے ماندے اور ہارے ہوئے گنہگاروں کے جسم پر نظر آتے ہیں۔

سب کی زندگیاں جناب مسیح کے آگے کھلی کتاب ہیں وہ رب العالمین کے اختیار سے ہمارے اندر جھانک سکتے ہیں وہ ہم سے محبت کرتے ہیں اور اپنی طرف آنے کی دعوت دیتے ہیں۔قریب آئیے وہ آپ کی مدد کرنے آیا کریں گے تفکرات ومشکلات نے آپ کو دبا رکھا ہے تب تو ایک چھٹکارا دینے والے کی آپ کو ضرورت ہے، آئیے اور خوف وگناہ سے نجات پائیے!

مسیح کے پاس آکر بس اپنی بے بسی کا اعتراف کرتے ہوئے اپنے گناہوں کا اقرار کیجئے تو آپ کی روحِ مضطرب تسکین پائے گی۔ ماضی میں جو کچھ ٹوٹ پھوٹ ہو چکی ہے ، سب وہ درست کردینگے۔

وہ ہمیں اب زیادہ دنوں بے دوست و بے دست و پا نہیں رکھنا چاہتے وہ بوجھ اٹھانے میں آپ کا ہاتھ بٹائیں گے ۔ اپنے ساتھ ایک شراکت اور حصہ داری کی دعوت دیتے ہوئے وہ ہل اور جوا کے الفاظ استعمال کرتے ہیں تاکہ کھیت جوتتے وقت ہل کا جوا جس طرح دو بیلوں کی گردنوں پر ہوتا ہے اس سے اس خیال کی تصویر کشی ہوجائے کہ آپ کے ساتھ رہ کر وہ بھی ہر مشکل میں آپ کا ہاتھ بٹاتا ہے۔ ایسے عظمت وقوی مسیح کی رفاقت جب آپ کو میسر ہے تو خیال کیجئے کہ یہ کتنی برکت کی بات ہے۔ مسیح کی پیروی کرنے سے مقدس خدا سے تمہارا میل ملاپ ہوجائے گا اور خدا تمہارا آسمانی روحانی باپ بن جائے گا۔ شریعت پر عامل بنکر اگر تم یہ سوچ رہے ہو کہ خدا کے حضور راستباز بن سکوگے تو یہ تمہاری خام خیالی ہے ۔ روزہ ،عبادت، حج، زکواۃ، نماز ہمارے اتنے ناقص ہیں کہ ناقابل قبول ہیں ہاں، گناہوں کی بخشش کے لئے خدا کے فضل کا مظاہرہ جو صلیبِ مسیح پر ہوا اس پر ایمان رکھنے سے آزادی پانا ممکن ہے۔ مسیح اپنی صلیب کا جوا تم پر لادتا ہے تاکہ گناہوں سے تمہاری گلو خلاصی ممکن ہوجائے ۔ مسیح کی دائمی محبت اور صلیب آپ کو مسیح سے متحد کردیتی ہے آپ تن تنہا نہیں رہ جاتے بلکہ مسیح کے ساتھ ہو کر آپ ایک اعلیٰ مددگار اور ہمیشہ کی زندگی پاسکتے ہیں۔

جب جوئے میں دو آدمی جتیں تو دونوں کو ایک ہی رفتار برقرار رکھنی پڑتی ہے ورنہ گردن ٹوٹ جائے گی اس لئے جوئے کے ساتھی کو جوتنے سے پیشتر دیکھ لینا پڑتا ہے۔ مسیح میں گھمنڈ کا شائبہ نہیں وہ بڑے مسکین اور فروتن ہیں کیونکہ تکبر تو شیطان کا خاص گناہ ہے ۔ اگر جوئے میں آپ انہیں ساتھی بنالیں تو آپ انہیں ایک بہتر پر خلوص خادم پائیں گے۔

انجیل کی خوشخبری کے لئے زمین تیار کرنے، آزادی دینے ، سب کی صفائی کرنے ، تھکے ماندے اور کمزوروں کو زور دینے اور عبادت الہٰی اور خدمت کا اہل بنانے کی طرف مسیح آپ کو دعوت دیتے ہیں یہ سب کام انسان کے بس میں نہیں ہیں۔ مسیح کی ذات سے جو قوت ابلتی ہے اور اسکے ساتھ جو رفاقت آپ نے اپنائی ہے وہی آپ کو بدل کر کثرت کی زندگی جینے کی توفیق عطا کرے گی۔ چونکہ مسیح بذاتِ خود محبت ہیں اس لئے آپ ان کا جوا ہلکا آسان اور ملائم پائیں گے۔

جب مسیح کا فضل آپ کو اپنی گرفت میں لے گا تب ہی آپ کو خوشی اور خدا کی حمد کی توفیق ہوگی اور یہ چیزیں دوسروں کو بھی دے پائیں گے۔ مسیح کا خون پاکی عطا کرکے آپ کی زندگی میں نئی جان ڈال دے گا تب ہی آپ تسکین پائیں گے اور دوسروں کے اداس دلوں کو دلاسا دے پائیں گے۔

یہ رفاقت دوسروں کے دل جیتنے کے قابل آپ کو بنادے گی۔ دنیا کا منجی آپ کے ساتھ مل کر خدا کا شریک کار بن جائے گا اور آپ محبت ودامن کا بیج بونے لگے جائیں گے ۔ مسیح کے ساتھ جوئے کا حصہ دار بننے سے زیادہ عزت کی بات اور کیا ہوگی ! اس کے ساتھ رہنے اور خدمت کرنے میں ہی حقیقی خوشی وراحت ہے!۔